www.understandquran.com



## سبق 45

## ملانا (اِدْغَام)

(نون ساکنہ و تنوین کو اگلے حرف سے)

**قاعدہ-1:** اگر نون ساکنہ کے بعد (ی و م ن) میں سے کوئی حرف آئے تو نون ساکنہ کو اُس حرف سے ملا کر غنہ کے ساتھ پڑھیے، نون ساکنہ کو (ی و م ن) سے ملانے کے لیے شدّہ کی علامت اس طرح دی گئی ہے ( ّ )، تنوین کا بھی یہی قاعدہ ہے۔

| | نون ساکنہ ( نْ ) | تنوین ـًـٍـٌ |
|---|---|---|
| ی | لِمَنْ يَّشَآءُ (جس کے لیے وہ چاہتا ہے) | لِقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ (ایسی قوم کے لیے جو عقل رکھتی ہے) |
| و | مِنْ وَّلِيٍّ | سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ |
| م | مِنْ مَّآءٍ | عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ |
| ن | مِنْ نِّعْمَةٍ | شَيْءٍ نَّحْنُ |

**قاعدہ-2:** اگر نون ساکنہ کے بعد لام یا راء آئے تو نون ساکنہ کو لام یا راء سے ملا کر غنہ کیے بغیر پڑھیے، تنوین کا بھی یہی قاعدہ ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ل | مَنْ لَّمْ | يَوْمٌ لَّا |
| ر | مِنْ رَّبِّكُمْ | غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ |

ان چار الفاظ میں نون ساکنہ کو ملا کر مت پڑھیے، بلکہ نارمل پڑھیے، کیونکہ نون ساکنہ کے بعد یاء اور واؤ ایک ہی لفظ میں ہے۔

دُنْيَا، بُنْيَان، صِنْوَان، قِنْوَان